© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارالاحرار

## پچنند ۸خواتین سمیت ۱۱ قادیانیوں نے اسلام قبول کرلیا

پچنند تلہ گنگ (نیوز ڈیسک) موضع پچنند میں تین مرد اور آٹھ خواتین نے قادیانیت سے تائب ہوکر اسلام قبول کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تلہ گنگ کے موضع پچنند میں پچاسی سالہ منظور علی نے اپنے خاندان سمیت قادیانیت سے تائب ہوکر اسلام قبول کرتے ہوئے اعلانیہ ختم نبوت کا اقرار کرلیا۔ موضع پچنند کی مرکزی جامع مسجد سیدنا ابوبکر صدیق میں منعقدہ ایک تقریب میں منظور علی اس کے دو بیٹوں مظفر علی، مبارک علی اور آٹھ خواتین نے مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے رہنما مولانا تنویر الحسن، سابق ضلعی امیر جماعت اسلامی مولانا عبدالستار، ڈاکٹر صداقت علی اعوان، حاجی محمد اسماعیل، ملک امتیاز حسین اور دیگر سیکڑوں مقامی افراد کی موجودگی میں دائرہ اسلام میں داخل ہوکر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا آخری نبی مانتے ہوئے ختم نبوت کا اقرار کیا۔ اس موقع پر یہاں پر موجود فرزندان اسلام نے عقیدۂ ختم نبوت زندہ باد کے نعرے لگائے اور منظور علی اور ان کے خاندان کو مبارک باد پیش کی۔ اس موقع پر علمائے کرام نے اپنے خطابات میں کہا کہ قادیانی پارلیمنٹ اور آئین کے فیصلہ کو تسلیم کرتے ہوئے خود کو مسلمان ظاہر کرنا چھوڑ دیں اور اقلیت بن کر اپنی علیحدہ شناخت بنائیں تو جھگڑا ختم ہوسکتا ہے۔ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم اور ختم نبوت ہمارا متفقہ فیصلہ اور بنیادی عقیدہ ہے اس پر پوری قوم ذرا بھی لچک نہیں دکھائے گی اور عقائد پر جان قربان کرنا ہمارے لیے باعث فخر ہے جو ہم کرتے آئے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ قادیانی مسلمانوں کے حقوق حاصل کرنا چاہتے ہیں لیکن ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے۔ وہ ختم نبوت کو تسلیم کرکے اسلام قبول کرلیں یا اقلیت بن کر اقلیتی حقوق حاصل کریں۔ مسلمانوں کا روپ دھار کر دھوکہ، فراڈ سے سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ نہیں ہونے دیں گے قادیانیت ایک عالمی فتنہ ہے اور مسلمانوں کو اسلام اور جہاد سے دور کرنے کے لیے انگریزوں نے پروان چڑھایا۔ علمائے کرام نے کہا کہ ختم نبوت ہمارا بنیادی عقیدہ ہے اس سے انحراف اسلام سے انکار ہے اس موقع پر تمام حاضرین نے ختم نبوت کے تحفظ کے لیے کام کرنے کا عہد کیا اور ختم نبوت کے اکابرین مولانا انور شاہ کاشمیری، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، مولانا مفتی محمود، مولانا محمد لدھیانوی، خواجہ خان محمد اور دیگر کو خراج عقیدت پیش کیا۔ (ہفت روزہ ’’تلہ گنگ ٹائمز‘‘ ۱۳ تا ۱۹ر دسمبر ۲۰۱۲ء)

## دادو میں سیلاب سے متاثرین میں گرم کپڑے، کمبل، لحاف اور راشن تقسیم

**قادیانی، این جی اوز اور امریکی امداد سے ارتدادی سرگرمیاں کررہے ہیں (مجلس احرار اسلام کراچی)**

کراچی (۲۲ر دسمبر ۲۰۱۲ء) مجلس احرار اسلام کراچی کے اعلامیہ کے مطابق احرار کارکنوں نے خدمت کا جذبہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رکھنے والے مخیّر حضرات کے ہمراہ مجلس احرار اسلام کراچی کے امیر مفتی عطاء الرحمٰن قریشی شعبہ خدمت خلق، ختم نبوت ٹرسٹ کے زیر اہتمام لحاف، گدّے، کمبل، گرم کپڑے، اشیائے خورونوش پیکٹ کی شکل میں ٹرکوں اور سوزوکیوں پر مشتمل امدادی قافلہ لے کر دادو پہنچے۔ جمعۃ المبارک کی نماز کے بعد سیلاب متاثرین کے کیمپوں میں پہنچے۔ علاقہ کے قرب وجوار کے ضرورت مند، غرباء کی بڑی تعداد کی موجودگی میں امدادی سامان تقسیم کیا اور بعد نماز عصر اصلاحی بیان کرتے ہوئے مفتی عطاء الرحمٰن قریشی نے کہا اندرون سندھ اور بلوچستان کے دشوار گذار علاقوں، دیہاتوں میں قادیانیوں نے غیر ملکی امداد کے سہارے این جی اوز کے دفاتر کھول رکھے ہیں اور ارتدادی سرگرمیوں کے ذریعہ مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکے ڈال رہے ہیں جبکہ حکمران قومی وسائل کی لوٹ کھسوٹ میں مصروف ہیں۔ عوامی مسائل حل کرنے کی فرصت نہیں ہے۔ مفلوک الحال غریب ہاریوں، مزدوروں، کسانوں، مجبور اور بے کس انسانوں کو مفلسی کے چنگل میں پھنسا کر حکمرانوں نے ظلم وستم کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ توبہ استغفار اور رجوع الی اللہ سے ہی ظالموں سے نجات مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قادیانیت پاکستان کے جسم کا سیاسی ناسور ہے۔ قادیانی ختم نبوت کے منکر، جہاد کے منکر اور توہین رسالت کے بدترین مجرم ہیں ایسے لوگوں کو اہم انتظامی اور دفاعی اداروں سمیت تمام اہم کلیدی عہدوں سے فارغ کیا جائے یہ آستین کا سانپ ہیں۔

## چیچہ وطنی میں مرکز احرار ’’مسجد ختم نبوت‘‘ کی تعمیر کا آغاز

چیچہ وطنی (۸ر دسمبر) مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے زیر انتظام چوتھے مرکزِ احرار ’’مسجد ختمِ نبوت‘‘ رحمٰن سٹی ہاؤسنگ سکیم کی تعمیر کے آغاز پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ امریکہ اور عالم کفر کی مخالفت کے باوجود دنیا بھر میں مساجد ومدارس کی تعداد تیزی سے بڑھ رہی ہے اور مساجد ومدارس میں تیار ہونے والے رجال کار ہی دنیا میں کفر اور طاغوت کے سامنے سینہ سپر ہیں، انہوں نے کہا کہ نامساعد حالات کے باوجود مجلس احرارِ اسلام مختلف محاذوں خصوصاً تحفظ ختم نبوت کے محاذ پر سرگرم عمل ہے، انہوں نے کہا کہ مشکل حالات میں انسان کی صلاحیتیں زیادہ نکھر جاتی ہیں ہماری منزل انسان کو انسان کی غلامی سے نکال کر ایک اللہ کی حاکمیت میں لانا ہے، مرکزی انجمن تاجران (رجسٹرڈ) کے صدر شیخ محمد حفیظ، انجمن تحفظ حقوق شہریاں کے سرپرست شیخ عبدالغنی، مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد عابد مسعود نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کا گھر تعمیر کرنے والوں کا گھر اللہ جنت میں بنائیں گے، شیخ محمد حفیظ نے اپنے خطاب میں کہا کہ مجلس احرارِ اسلام اور اس کے اکابر نے اعلائے کلمۃ الحق کے لئے جانثاری کے ساتھ قربانیاں دیں ہیں یہ قربانیاں امت مسلمہ کے لئے دینی وتاریخی ورثہ ہیں، حافظ محمد عابد مسعود نے کہا کہ مجلس احرارِ اسلام کی تعلیمی وتبلیغی وتحریکی سرگرمیوں کا دائرہ دن بدن وسیع ہوتا جارہا ہے اہل خیر کو بڑھ چڑھ کر تعاون کرنا چاہیے، شیخ عبدالغنی نے اپنے خطاب میں کہا کہ مسجد ہر آبادی اور ہر کالونی کی بنیادی ضرورت ہے، مسجد معاشرے میں مثبت سرگرمیوں کا مرکز ہوتی ہے، جہاں بھی نئی آبادی تعمیر ہو وہاں سب سے پہلے مسجد کی تعمیر کا آغاز



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



از حد ضروری ہے، تقریب میں تلاوت قرآن کریم کی سعادت حافظ حکیم محمد قاسم نے حاصل کی قاری محمد نعیم طارق نے ہدیہ نعت النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) پیش کیا جبکہ مجلس احرارِ اسلام، تحریک تحفظ ختم نبوت اور تحریک طلباء اسلام کے کارکنوں کے علاوہ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شریک تقریب تھے، بتایا گیا ہے کہ ''مسجد ختم نبوت'' کے لیے ۲۵ مرلے رقبہ پر مسجد کے علاوہ مدرسہ، دفترِ ختم نبوت اکیڈمی اور ڈسپنسری بھی تعمیر کی جائے گی۔

## یورپیئن پارلیمنٹ میں قادیانی سربراہ مرزا مسرور کی بحیثیت مسلمان خطاب کی دعوت قابلِ مذمت اور نامنظور

لاہور (۹؍دسمبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ یورپین پارلیمنٹ میں قادیانی سربراہ مرزا مسرور احمد کو اِس تاثر کے ساتھ خطاب کے لیے بلانا پوری دنیا کی مسلم کیمونٹی کے لیے نامنظور ہے، ''کہ وہ مسلمانوں کے نمائندہ ہیں!'' انہوں نے کہا کہ مرزا مسرور احمد اسلام اور مسلمانوں کا ٹائٹل استعمال کر کے دنیا کو دھوکہ دے رہے ہیں، اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ قادیانی فتنے کا مرکز پاکستان میں ہے اور پاکستانی پارلیمنٹ ۱۹۷۴ء میں لاہوری و قادیانی مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے چکی ہے، انہوں نے کہا کہ بنیادی طور پر حکومت پاکستان کی ذمہ داری ہے کہ وہ قادیانیوں سے متعلق قرار دادِ اقلیت کی روشنی میں عالمی اداروں اور عالمی برادری کو باور کرائے کہ قادیانی مسلمانوں کا حصہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل لابنگ کے ذریعے بعض قوتیں سازشوں میں مصروف ہیں، یاد رکھنا چاہیے کہ مسلمان، قادیانیوں کو قرآن سنت اور اجماع امت کی روشنی میں غیر مسلم اقلیت تصور کرتے ہیں۔

## برطانیہ میں پاکستانی سفارت خانہ قادیانی تبلیغ کا اڈہ اور پاکستان مخالف سرگرمیوں کا مرکز بن گیا ہے

چناب نگر (۱۲؍دسمبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے نائب امیر مرکزیہ قاری شبیر احمد عثمانی نے کہا ہے کہ برطانیہ میں پاکستانی سفارت کار واجد شمس الحسن پاکستان کی نمائندگی کرنے کی بجائے قادیانیت کی تبلیغ اور اینٹی پاکستان سرگرمیوں میں مصروف ہیں، ان کو سفارت کاری سے ہٹا کر پاکستان واپس بلایا جائے اور تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے، یہاں اخبار نویسوں سے بات چیت میں انہوں نے کہا کہ بیرون ممالک سفارت خانوں کو کفر و اِرتداد اور قادیانیت کی تبلیغ کے ساتھ ساتھ عریانی و فحاشی کے اڈوں میں تبدیل کیا جا رہا ہے، گویا قومی دولت سے اسلام، ملک اور آئین مخالف سرگرمیوں کو پرموٹ کیا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ قادیانی آئین کے مطابق غیر مسلم ہیں مگر قادیانی جماعت اپنے آپ کو نان مسلم کی بجائے مسلمان ظاہر کر رہی ہے، قانون نافذ کرنے والے ادارے اسلامی شعائر کے استعمال پر قادیانیوں کے خلاف کارروائی نہیں کر رہے جو بذاتِ خود آئین سے انحراف ہے، ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ لندن سفارت خانے اور قادیانی جماعت کے اشتراک سے ایک اجتماع کے دعوت ناموں میں قادیانیوں کو ''احمدیہ مسلم'' لکھا گیا، پاکستانی سفارتخانے نے دعوت ناموں میں لکھا کہ احمدی جماعت ایک پروگرام کرا رہی ہے جس میں اسلام کے اصل حقائق واضح کیے جائیں گے، خالد چیمہ نے کہا کہ نوبت یہاں تک آ گئی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے کہ اب قادیانی اسلام کی اصل تصویر مسلمانوں کو دکھائیں گے؟ یہ سب کچھ واجد شمس الحسن کی نگرانی میں ہو رہا ہے اور وہ حکومتِ پاکستان کا لندن میں سفیر ہے جو سفارت کاری کے نام پر قادیانیت نوازی اور ملک دشمنی کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ جواب دے کر مطمئن کرنا سفارت خانے کے ذمہ ہے کہ وہ قادیانیوں کو مسلمان ظاہر کر کے کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ قرآن وسنت اور اجماع امت کی روشنی میں قادیانی مسلمان نہیں لیکن ۱۹۷۴ء میں ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کے دور اقتدار میں قومی اسمبلی نے متفقہ طور پر لاہوری وقادیانی مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا، اعلیٰ عدالتوں نے اپنے فیصلوں میں قادیانیت ایکٹ، تعزیرات پاکستان کا حصہ بنا۔ اب امریکی ایجنڈے کے تحت آئین کی اسلامی دفعات کو ریورس گیر لگانے کی کوششیں ہو رہی ہیں، جو قراردادِ مقاصد اور آئین سے انحراف بلکہ غداری ہے، ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ صدر زرداری اور پیپلز پارٹی، بھٹو مرحوم کی سیاسی کمائی تو کھا رہے ہیں لیکن بھٹو مرحوم کے تحفظ ختم نبوت کے کردار کو فراموش کر کے بھٹو کی روح سے غداری کر رہے ہیں، ایسے میں محبّ وطن حلقوں اور دینی قوتوں کو نوٹس لینا چاہیے۔

## گستاخِ رسول کے خلاف مقدمہ درج

اسلام آباد (۱۲؍دسمبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے پاکستانی نژاد امریکی گستاخ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ڈاکٹر شیخ افتخار کے خلاف تھانہ انڈسٹریل ایریا اسلام آباد میں ایف آئی آر درج ہونے پر اسلام آباد کے علماء کرام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر توہین رسالت کے مرتکب ڈاکٹر افتخار کے ساتھ کسی قسم کی رعایت برتی گئی تو اس کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت اسلام آباد کے سیکرٹری قاری عبدالوحید قاسمی کے ساتھ فون پر بات چیت کے دوران انہوں نے کہا کہ مجلس احرارِ اسلام اسلام آباد کے علماء کرام کی جدوجہد کی کامیابی پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے ہم آہنگی کا اظہار کرتی ہے۔

## مولانا محمد مغیرہ کا دورۂ چیچہ وطنی

چیچہ وطنی (۱۲؍دسمبر) چناب نگر کی جامع مسجد احرار کے خطیب اور مجلس احرارِ اسلام کے ناظم شعبۂ تبلیغ مولانا محمد مغیرہ نے مرکزی مسجد عثمانیہ ہاؤسنگ سکیم چیچہ وطنی میں ''درس ختم نبوت'' کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت ضروریاتِ دین میں سے ہے۔ اس عقیدہ کی اہمیت وفضیلت کو اگلی نسلوں تک منتقل کرنے کے لیے ہمیں عملی اقدامات اٹھانے چاہیں۔

## برطانیہ میں پاکستانی سفارت خانہ کی بدترین قادیانیت نوازی

ملتان (۱۲؍دسمبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری، سیکرٹری اطلاعات میاں محمد اویس اور حافظ محمد عابد مسعود نے کہا ہے کہ برطانیہ میں پاکستانی سفارت خانہ بدترین قادیانیت نوازی کا مظاہرہ کر رہا ہے، جو پاکستانی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لندن کے پاکستانی سفارت خانے کے تحت ایک اجتماع میں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قادیانیوں کو ''احمدیہ مسلم جماعت'' لکھا گیا جو نہ صرف آئین سے انحراف بلکہ کفر کو اسلام کا نام دینے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ممالک پاکستانی سفارت خانوں سے قادیانی افسران کو بلاتاخیر برطرف کیا جائے۔ انہوں نے امریکی و برطانوی سفارت خانوں کے حوالے سے قومی اسمبلی میں نکتہ اعتراض اٹھانے پر ایم این اے مولانا عطاء الرحمٰن کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وفاقی وزیر دفاع نوید قمر نے نکتہ اعتراض کے جواب میں کہا کہ آئین میں واضح ہے کہ قادیانی آئینی طور پر غیر مسلم ہیں کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں لیکن تمام حکومتی اداروں کو اس امر کا پابند بنایا جائے کہ وہ قادیانیوں بارے قوانین پر عمل کروائیں۔

## حکمران، قادیانی ارتدادی سرگرمیوں کو روکیں

لاہور (۱۴ر دسمبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ اس انکشاف پر کسی کو کوئی حیرت نہیں ہونی چاہیے کہ '' قادیانی سربراہ مرزا مسرور احمد لندن میں ڈاکٹر عمران فاروق قتل کیس کے حوالے سے الطاف حسین کو بچانے کے لیے سرگرم ہوگئے ہیں'' اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ امریکہ اور یورپی پارلیمنٹ میں اپنا اثر ورسوخ اور ہر حربہ استعمال کرنے کے بعد بھی وہ کامیابی حاصل نہیں ہو پا رہی، جس کی پلاننگ کی گئی تھی، انہوں نے کہا کہ بیرون ممالک پاکستانی سفارت خانوں میں قادیانی اثر ونفوذ بڑھایا جارہا ہے اور پاکستان میں قادیانی سرگرمیوں کو قانون کے تابع رکھنے کی بجائے قراردادِ اقلیت اور امتناع قادیانیت ایکٹ کا مذاق اڑایا جارہا ہے ایسے میں حکومت نے قادیانی سرگرمیوں پر چیک رکھ کر کنٹرول نہ کیا تو ہولناک کشیدگی جنم لے گی اور اس کی تمام تر ذمہ داری قادیانیوں اور سرکاری انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

کراچی (۱۸ر دسمبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے روزنامہ ''جسارت'' کراچی کے پبلشر سید ذاکر علی کے انتقال پر تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی ہے، اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ سید ذاکر علی مرحوم سے ہمارے دیرینہ تعلقات تھے وہ میرے والد گرامی کے بہترین دوست، میرے محسن، ممتاز محقق اور صحافی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک ایماندار تاجر کے طور پر بھی پہچانے جاتے تھے، انہوں نے کہا کہ مرحوم نے مفلس ونادار افراد کی معاونت ومدد کے لیے فلاحی منصوبے بھی شروع کر رکھے تھے جو ان کا صدقہ جاریہ ہے۔

## جرمن حکومت کی قادیانیت نوازی

چیچہ وطنی (۲۲ر دسمبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے جرمنی کی ریاست ہیسن کے سرکاری پرائمری سکولوں میں مسلمان بچوں کے لیے آئندہ سال سے اسلامی تعلیم وتربیت کے لیے قادیانی جماعت (جماعت احمدیہ) کا انتخاب کرنے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اِسے حکومت پاکستان کی ناکام سفارت کاری سے تعبیر کیا ہے، اپنے ردِعمل میں خالد چیمہ نے کہا کہ قادیانی (احمدی) قرآن وسنت اور اجماع امت کی روشنی میں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دائرہ اسلام سے خارج ہیں اور اپنے کفر کو اسلام کا ٹائٹل دے کر ارتداد اور زندقہ پھیلا رہے ہیں، بیرون ممالک قادیانی مسلم احمدیہ کے نام سے اپنے آپ کو متعارف کروا کر پوری دنیا کو دھوکہ دے رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ قادیانیوں کو جرمنی کی ریاست ہیسن کے سرکاری پرائمری سکولوں کے نصابِ تعلیم کی تدوین اور بچوں کی تعلیم وتربیت کا ٹاسک سپرد کرنے سے اسلامی تعلیمات مسخ ہونے کا اندیشہ ہے، جبکہ دوسری طرف اس سے جرمن مسلم کمیونٹی کا استحقاق بھی مجروح ہوتا ہے ،خالد چیمہ نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وہ وزارت خارجہ اور جرمنی میں پاکستانی سفارت خانے کے ذریعے اِس بات کا اہتمام کرے کہ قادیانیوں کو اِس تعلیمی وتربیتی کمیٹی سے ہٹا کر یہ شعبے جرمن کے مسلمانوں کے سپرد کئے جائیں، علاوہ ازیں جرمنی کی مجلس احرارِ اسلام کے صدر سید منیر احمد شاہ بخاری نے اِس صورتحال پر غور وخوض کے بعد جرمن سفارت خانے اور مسلم کمیونٹی کے رہنماؤں سے رابطے کا فیصلہ کیا ہے۔

## دفاعِ صحابہ کے لیے علامہ عبدالستار تونسویؒ نے قائدانہ کردار ادا کیا

ملتان (۲۲ر دسمبر) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری اور مولانا محمد مغیرہ نے مناظر اہلسنت حضرت مولانا عبدالستار تونسوی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی ہے اور کہا ہے کہ مولانا مرحوم نے عمر بھر اعلائے کلمۃ الحق اور دفاع صحابہ کا قائدانہ کردار ادا کیا، کفر ورفض کے خلاف ان کا معرکۃ الاراء انداز مدتوں یاد رکھا جائے گا، علاوہ ازیں مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم ملتان، دارالعلوم ختم نبوت جامع مسجد چیچہ وطنی اور دیگر مراکزِ احرار میں مولانا مرحوم کے لیے اجتماعی دعائے مغفرت بھی کرائی گئی۔

## مولانا اورنگزیب فاروق پر حملہ کھلی دہشت گردی ہے (عبداللطیف خالد چیمہ)

لاہور (۲۶ر دسمبر) مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کراچی میں اہلسنت والجماعت کے رہنما مولانا اورنگ زیب فاروقی اور ان کے ساتھیوں پر حملے کو کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے اسے حکومتی نااہلی سے تعبیر کیا ہے، اپنے مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ پورا ملک عدم تحفظ کا شکار ہے اور دہشت گرد اسے مزید عدم استحکام کی طرف دھکیل رہے ہیں انہوں نے کہا کہ کراچی میں قانون کا اطلاق سیاسی بنیادوں پر ہوتا ہے اسی لئے عمل درآمد نہیں ہوتا انہوں نے کہا کہ اہلسنت والجماعت کی کراچی میں ٹارگٹ کلنگ ہو رہی ہے اور حکومت مسلسل جانبداری سے کام لے کر مظلوموں کی دادرسی نہیں کر رہی یہ صورت حال ملک وملت کے لئے زہر قاتل ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ مولانا اورنگ زیب پر حملے اور ایک سرکاری اہل کار سمیت چھ افراد کے قاتل بلا تاخیر گرفتار کیے جائیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی غیر جانبداری کو یقینی بنائیں۔

## ۳۵ ویں سالانہ ختم نبوت کانفرنس کی تیاری کے سلسلہ میں مجلس احرار اسلام ملتان کا اجلاس

ملتان (۲۱ر دسمبر ۲۰۱۲ء) مجلس احرار اسلام ملتان کے امیر صوفی نذیر احمد اور ناظم اعلیٰ حافظ محمد مغیرہ نے سالانہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



احرار ختم نبوت کانفرنس چناب نگر کی تیاری کے سلسلہ میں ۱۴ر دسمبر اور ۲۱ر دسمبر ۲۰۱۲ء کو دارِ بنی ہاشم میں کارکنوں کے اجلاس طلب کیے جن میں کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ناظم اعلیٰ جناب حافظ محمد مغیرہ نے کہا کہ ماہِ صفر (دسمبر، جنوری) میں شہر کے مختلف مقامات پر دروسِ قرآن کا انعقاد کر کے احرار کارکنوں کو کانفرنس کی اہمیت کے بارے میں بتایا جائے گا اور ان کی شرکت یقینی بنائی جائے گی۔

انھوں نے کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ کانفرنس میں باوردی شریک ہوں انھوں نے کہا کہ ہر کارکن جماعتی فریضہ سمجھتے ہوئے جماعت کے ترجمان ماہنامہ ''نقیبِ ختم نبوت'' کو خرید کر پڑھے اور اپنے حلقۂ احباب میں بھی اس کو متعارف کروائے۔

☆☆☆

مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی کے زیر اہتمام چوتھے مرکز احرار

مسجد ختمِ نبوت

رحمٰن سٹی اوکانوالہ روڈ چیچہ وطنی کی تعمیر جاری ہے، 08 دسمبر 2012ء بروز ہفتہ بعد نماز ظہر تعمیر کا آغاز ہوا

25 مرلے رقبہ پر مسجد، مدرسہ، دفتر، ختم نبوت اکیڈمی اور ڈسپنسری تعمیر کی جائے گی، جملہ اہل خیر سے تعاون کی درخواست ہے

ترسیل زر ورابطہ: عبداللطیف خالد چیمہ (مدیر مراکزِ احرار چیچہ وطنی)
دفتر دار العلوم ختمِ نبوت، جامع مسجد بلاک نمبر 12 چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

منجانب: تحریک تحفظِ ختمِ نبوت (شعبۂ تبلیغ) مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی
040 -5482253
0300-6939453

ماہانہ مجلس ذکرو اصلاحی بیان

31 جنوری 2013ء
جمعرات بعد نماز مغرب

ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان

دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان

الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
061-4511961



© rasailojaraid.com